16/03/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گُل سے خبریں سُنئے

**Podcast**

وزیر اعظم نریندر مو دی نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ مصنوعی ذہانت کے مشہور کے ساتھ ریکارڈ کیا گیا اُن کا پاڈ کاسٹ Lex Fridman تحقیق دان اور پاڈ کاسٹر ضرور سنیں۔ تین گھنٹے کا یہ پاڈ کاسٹ، جس میں وزیر اعظم نے اپنے بچپن ، ہمالیہ میں گذارے دن اور عوامی زند گی کے بارے میں تفصیل سے بات کی ہے، کو آج نشر کیا جائے گا۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کل کھٹوعہ ضلعے کے ہیرانگر علاقے میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کو درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے کئی مسائل کے حل کےلئے موقعے پر ہی ہدایات دیں۔ اس موقعے پر ضلعے کے ڈپٹی کمشنر راکیش مِنہاس اور دیگر ضلع افسران بھی موجود تھے۔

**ملاقاتLG**

بی جے پی جموںو کشمیر کے ترجمان گورو گپتا نے کل جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے کئی معاملات پر انکے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ دریں اثناءجنرل زور آور سنگھ میموریل ایجوکیشن اینڈ چرٹیبل ٹرسٹ کے ٹرسٹریز اور وکلاءکے ایک وفد نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی۔

**CM**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ نوکریوں میں بھرتیوں کےلئے ریزرویشن کے حساس معاملے کا جائزہ لینے کےلئے تشکیل دی گئی کا بینہ سب کمیٹی کو اپنی رپورٹ پیش کرنے کےلئے6 ماہ کا وقت دیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ مدت انہوں نے روزگار کے متلاشی نوجوانوں کے ایک گروپ کے ساتھ میٹنگ کے بعد طے کی۔ وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا ہے کہ مذکورہ سب کمیٹی مقررہ مدت کے اندر اپنا کام مکمل کرے گی۔

## ناصر اسلم

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے کہا ہے کہ لوگوں کے مسائل حل کرنا اور انکے معاشی حالات بہتر بنانا، عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وہ کل نیشنل کانفرنس کے صدر دفتر پرکارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کےلئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کےلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

## سریکلچر

جمونو کشمیر میں ریشم کی صنعت کو مزید بڑھاوا دینے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کے سلسلے میں کل سینٹرل سریکلچر ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی چیوٹ پانپور میں سریکلچر محکمے کے اہتمام سے کسان میلے کا انعقاد کیا گیا۔ میلے کا افتتاح کرنے کے بعد محکمے کے ڈائریکٹر اعجاز احمد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## چنار

قدرت کے جو تحائف کشمیر کی خوبصورتی میں اضافہ کر تے ہیں، اُن میں چنار کے پیڑ کو ایک کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ اس پیڑ کو تحفظ فراہم کرنے اور اسکی تعداد بڑھانے کےلئے سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر سنجیدہ کوششیں کی جا رہی ہیں۔ اس بارے میں وادی کے ایک معروف ادیب اور سماجی کارکن ظریف احمد ظریف نے اپنے تاثرات کا اظہار کچھ اسطرح کیا۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے حال ہی میں تشکیل دی گئی یوٹی سطح کی سٹیرنگ کمیٹی کی پہلی میٹنگ طلب کر کے جموناور سرینگر شہروں کےلئے مزید200 ای۔ بسیں حاصل کرنے کے عمل کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں اس مقصد کےلئے بنیادی ڈھانچے کے قیام کے لئے مختلف محکموں کی جانب سے تیار کئے جا رہے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹس پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## دن

آج ٹیکہ کاری کاقومی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد لوگوں میں وبائی بیماریوں سے بچاؤ کےلئے ویکسین کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

**GCC**

**نے ترال کے راستے سرینگر سے پہلگام تک سڑک GCC گروپ آف کنسرنڈ سٹیزنز نے کہا ہے GCCکی تعمیر کی تجویز پر اپنے خدشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں کہ اس سے ماحولیاتی نظام پر منفی اثرات پڑنے کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔**

**سڑک/ درجہ حرارت**

**سرینگر جموں قومی شاہراہ دوطرفہ ٹریفک کےلئے کھلی ہے تاہم سونمرگ ۔ کرگل روڈ، بھدرواہ ۔ چھمبا روڈ، مغل روڈ اور سنتھن روڈ ابھی بھی گاڑیوں کی آمد و رفت کےلئے بند ہیں۔**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ**

**…………………………………………**